بیٹھا نہیں ہے ایسا مرے دلمیں دردِ غم — بن جی لئے جو نکلے یہ کافر دھنسا ہوا

مارا تمہاری زلف کا ہرگز نہ بچ سکے — سو بار بچ رہا ہو جو افعی ڈسا ہوا

ہوں میں نیازمند جناب امیرؑ کا — اس واسطے میں صاحبِ فخرِ رسا ہوا

سُن سُن کے شورِ عشق کے حالات اے نیاز
ڈر ڈر کے دل بغل میں ہے جاتا دھنسا ہوا

تمہارے دور میں ہمنے ساقی عجب ہی دورِ شراب دیکھا
اِدھر تو واعظ گرا پڑا تھا اُدھر کو زاہد خراب دیکھا

جو ایک جھپکی میں جز سے کل ہوا اور ایک قطرہ سے ہوئے دریا
تمام عالم میں تو نے ہمدم کوئی بھی مثلِ حباب دیکھا

وہ مست میخوار ادھر کو آیا مگر یہ لالچ ہی اوس کو لایا
کہ میرے خوں کو شراب گلگوں دل و جگر کو کباب دیکھا

چمن میں نرگس کہیں ہے بیمار اوس کی آنکھوں کو دیکھ کر کے
کہیں ہے زلفوں کے غم میں سنبل نے ہائے کیا پیچ و تاب دیکھا

تمہارے مکھڑے کے نیچے زلفوں کے دیکھ کر کیا مثال کہئے
برائے گفتن مگر یہ کہئے کہ مہر زیرِ سحاب دیکھا !!

نہیں ہے دکھو کا کچھ اس میں اے دل کہ ہے یہ دھوکا طلسمِ عالم
جو کچھ سُنا تھا سو ہے فسانہ جو کچھ کہ دیکھا سو خواب دیکھا

نیاز ایسا ولیِ برحق کہ پیر مرشد ہو اولیاء کا
بتا تو اُمت میں اس نبیؐ کی کوئی بھی بن بو ترابؓ دیکھا

تمہارے عشق میں گر جان کے دینے سے میں اڑتا
کوئی دن جی کے آخر موت سے مرنا ہی پھر پڑتا !!

کہاں یہ عشق کا مرنا کہاں وہ موت سر پڑنا
یہاں اب روح قدسی ہوں وہاں زیرِ زمین پڑتا

زیارتگاہِ عالم آج ہے یارو مزار اپنا
کہو حاسد کو تو بھی ساتھ میرے آ یہاں گر پڑتا

اگر پروانہ بلبل کی طرح مرنے سے تھم رہتا
یہ رونا شمع کو اس کیلئے تا صبح کیوں پڑتا

یہ سنگینی و سبکی تیری واعظ سب پہ کھل جاتی

ترازوی محبت میں اگر آ کر کے تو تڑتا

نیاز آخر ترا دل تخت رب العلمین ہوتا
خس و خاشاک غفلت سے اگر یہ خوب سا جھڑتا

جونہی آمد آمد عشق کا مجھے دل نے مژدہ سنایا
خرد و حواس و شکیب نے وہیں کوس کوچ بجا دیا

جسے دیکھنا ہی محال تھا نتھا اُسکا نام و نشان کہیں
سو ہر ایک ذرّہ میں عشق نے ہمیں اُسکو جلوہ دکھایا

کروں کیا بیان میں ہمنشیں اثر اس کی لطف نگاہ
کہ تعینات کی قید سے مجھے ایک دم میں چھڑا دیا

میرے جھکنے کیلئے ایک جرعہ بھی اُس شراب کا تھا بہت
تو نے سیر چشمی سے ساقیا سر خم کو لے کے جُھکا دیا

تجھے عشق دل ہی سے کام تھا نہ کہ استخوان کا پھونکنا
غضب ایک شیر کے واسطے تو نے نیستاں کو جلا دیا

تری ناصحا یہ چنیاں چنیں کہ ہیں خود لپسندی کے سب ترین
نہ دکھائی دیگی کبھی کہیں جو کسی نے تجھ کو سجھا دیا

رکھیں ہیں نیاز یہ اہل دل ترے شعر سننے کا اشتیاق
غزل ایک دوسری اور کہہ تجھے حق نے فکرِ رسا دیا

تو نے اپنا جلوہ دکھانے کو جو نقاب مُنہ سے اُٹھا دیا
وہیں حیرت و بے خودی نے مجھے آئینہ سا بنا دیا

وہ جو نقشِ پا کی طرح رہی تھی نمود اپنے وجود کی
سو کشش سے دامنِ ناز نے اُسے بھی زمیں سے مٹا دیا

کیا ہی چین خواب عدم میں تھا نتھا زلفِ یار کا کچھ خیال
سو جگا کے شور ظہور نے مجھے کس بلا میں پھنسا دیا

ذرا چھپ نگاہِ رقیب سے پڑی اُس گلی میں تھی میری خاک
تو نے ایک جھونکے میں اے صبا اُسے وہاں سے اڑا دیا

رگ و پے میں آگ بھڑک اُٹھی پھنکے ہے پڑا سبھی تن بدن
مجھے ساقیا مئے آتشیں کا یہہ جسام کیسا پلا دیا

یہ نہال شعلۂ حُسن کا ترا بُڑھ کے سر بہ فلک ہوا
میری کاہ ہستی نے مشتعل ہوا وسے یہ نشو و نما دیا

جبھی جا کے مکتبِ عشق میں سبقِ مقام فنا لیا

جو لکھا پڑھا تھا نیازؔ نے سو وہ صاف دل سے بھُلا دیا

خانقاہِ چشت میں جسنے قدم پہلا رکھا — دوسرا اُس کا قدم پھر عرش کے بالا پڑا
قاب قوسین اُسکے آگے ایک ہے ادنیٰ مقام — واں پہونچکر کچھ نہ پوچھو کیا ہے کیا پھر کیا ہوا
نقش ہستی مٹ گیا نام و نشان سب اُٹھ گیا — صاف مطلع ہوگیا جو تھا یہاں واں کچھ نہ تھا
سخت مشکل ہے دلا اُسکا پھر آنا اسطرف — وہ نہ اُن مردوں میں ہے جنکو مسیحا لے جلا

کیا ہی جی کو بھاتی ہیں باتیں یہ تیری اے نیازؔ
قولِ حق ہم تو سمجھتے ہیں میاں تیرا کہا

معمور ہو رہا ہے عالم میں نور تیرا — از ماہ تا بماہی سب ہے ظہور تیرا
اسرارِ احمدیؐ سے آگاہ ہو سو جانے — تو نورِ ہر شرر ہے ہر سنگ طور تیرا
ہر آنکھ تک رہی ہے تیرے ہی مُنہ کو پیارے — ہر کان میں ہوں پاتا معمور شور تیرا
جب جی میں یہ سمائی جو کچھ کہ ہے سو تو ہے — پھر دل سے دور کب ہو قرب و حضور تیرا
بھاتا نہیں ہے واعظ جز دیدِ حق مجھے کچھ — تجھ کو رہے مبارک حور و قصور تیرا
وحدت کے ہیں یہ جلوے نقش و نگار کثرت — گر سرِ معرفت کو پاوے شعور تیرا

گر حرفِ بے نیازی سرزد نیازؔ سے ہو
پُتلے میں خاک کے ہے پیارے غرور تیرا

اے دل کہیں نجا یو زنہار دیکھنا — اپنے ہی بیچ یار کا دیدار دیکھنا
خوباں اس جہاں کا تماشا جو تو کرے — آئینہ دار طلعت دلدار دیکھنا
نیرنگیوں سے یار کی حیران نہ ہوجیو — ہر رنگ میں اُوسی کو نمودار دیکھنا
اے دل قمارِ عشق میں ٹک کھیلو سنبھل — بازی نہ دیجو ہار مرے یار دیکھنا
گر نقدِ جاں طلب کرے وہ شوخ دلرُبا — انکار واں نہ کیجو زنہار دیکھنا

ہرگز دوا نہ کیجو اس غم کی اے نیازؔ
سب راحتوں سے غم کو مزے دار دیکھنا

عشق میں آ عجب مزا دیکھا — خویش و بیگانہ آشنا دیکھا
نکتۂ اُنّما سے واقف ہو — چہرۂ یار جا بجا دیکھا
بلکہ یہ بولنا تکلّف ہے — ہم نے اُوس کو سُنا ہے یا دیکھا
دیکھتا آپ ہے سُنے ہے آپ — نہ کوئی اوس کا ماسوا دیکھا
دید اپنے کی تھی اُسے خواہش — آپ کو ہر طرح بنا دیکھا
صورتِ گل میں کھل کھلا کے ہنسا — شکلِ بلبل میں چہچہا دیکھا
شمع ہوکر کے اور پروانہ — آپ کو آپ میں جلا دیکھا
کرکے دعویٰ کہیں انا الحق کا — بر سرِ دار وہ کھنچا دیکھا

تھا وہ برتر شما و ما سے نیاز
پھر وہی اب شما و ما دیکھا

یار کو ہم نے جا بجا دیکھا — کہیں ظاہر کہیں چھپا دیکھا
کہیں ممکن ہوا کہیں واجب — کہیں فانی کہیں بقا دیکھا
کہیں بولا بلیٰ وہ کہہ کے الست — کہیں بندہ کہیں خدا دیکھا
کہیں بیگانہ وش نظر آیا — کہیں صورت سے آشنا دیکھا
کہیں وہ بادشاہِ تخت نشیں — کہیں کاسہ لئے گدا دیکھا
کہیں عابد بنا کہیں زاہد — کہیں رندوں کا پیشوا دیکھا
کہیں رقاص اور کہیں مطرب — کہیں وہ ساز باجتا دیکھا
کہیں وہ در لباسِ معشوقاں — برسرِ ناز اور ادا دیکھا

کہیں عاشق نیاز کی صورت
سینہ بریان و دل جلا دیکھا

خواجہ معین الدین کے گھر آج دھاتی ہے بسنت
کیا بن بنا اور سج سجا مجرے کو آتی ہے بسنت
پھولوں کے گڑوے ہاتھ لے گانا بجانا ساتھ لے

جوبن کی مدہ میں مست ہو ہو راگ گاتی ہے بسنت
چھتیاں اُمنگ سے بھر رہیں نیناں سے نیناں لڑ رہیں
کس طرز معشوقانہ سے جلوہ دکھاتی ہے بسنت
لے سنگ سکھیاں گلبدن رنگ بسنتی کا برن !
کیا ہی خوشی اور عیش کا سامان لاتی ہے بسنت

ناز و ادا سے جھومنا خواجہ کی چوکھٹ چومنا
دیکھو نیاز اس رنگ میں کیسی سہاتی ہے بسنت

لشکر غم آپڑا اقلیم دل پر ٹوٹ ٹوٹ — یاں ندا آئے الامان تھی واں صدا لوٹ لوٹ
دیکھ کر نیرنگیاں تیری اسیرانِ ملل — ملت و مذہب کی قیدوں سے گئے ہیں چھوٹ چھوٹ
تک بچائے پاؤں کو سنبھلا ہوا گھر سے نکل — پٹ گیا کوچہ ترا شیشہ دلوں کے پھوٹ پھوٹ
کچھ بھی تجھ میں ہے مروت آ مرے نا آشنا — تیری آنکھوں میں یہ چشمی بھری ہے کوٹ کوٹ
ہاتھ ہاتھوں سے کب آتی ہو میاں تیری کمر — جبکہ وہ رہ جائے ہے شست نگہ سے چھوٹ چھوٹ
گرم رو راہِ عدم کا ہوں اگر آوے تو آ — سانس کو اب تک تو چھاتی میں رکھا ہے گھوٹ گھوٹ

چل چل ہے کارخانہ ہستی موہوم کا
چل نیاز اب حق سے مل اپنی خودی سے چھوٹ چھوٹ

رات تیری یاد میں اتنا میں رویا پھوٹ پھوٹ !
ٹوٹ پانی آنسوؤں کا آئیں آنکھیں پھوٹ پھوٹ !
عقل و دیں کی بستئیں تاب و تواں کی نگرئیں !
آ غنیم غم نے کیں ویران ساری لوٹ لوٹ !
پیچ میں زلفوں کے آ کر کب نکل سکتا ہے دل
گرچہ بھاگا ہے وہ پنجہ سے اجل کے چھوٹ چھوٹ
ہاتھ کو دنیاؤ دیں سے جھاڑ لے اہل وجد!
مت ستا ناحق زمیں کو پانوں اپنے کوٹ کوٹ
پشتیِ دیوار ہستی ہے شکست و ریختن !
گر بنا اپنی بنی چاہے بنا کر توڑ توڑ !
کیا کروں رازِ دروں کو آگے چھپ سکتا نہیں
ضبط کر کر تھا چھپایا اب تلک تو گھوٹ گھوٹ !
جوش زن ہے عشق کی مے اب خمِ دلمیں نیاز
گہہ اُبل باہر گرے گہہ خم سے نکلے پھوٹ پھوٹ
اس تعین کی گرفتاری سے اے دل چھوٹ چھوٹ
احباب آسا بدریائے حقیقت ٹوٹ ٹوٹ

یہ سب ادیان و ملل ہیں شاخہای یک درخت
ایک جڑ سے ہیں یہ نکلی ڈالیاں سب پھوٹ پھوٹ
جب تلک نمرودی پندار تیرے سر میں ہے
سرزنش کی موگری سے سر کو اپنے کوٹ کوٹ
لٹ رہی ہے گنجِ عرفاں بر درِ شاہ عرب ص
دیکھتا کیا ہے دلا چل دونوں ہاتھوں لوٹ لوٹ
وہ جو تھے زندانِ ناسوتی کے مدت سے اسیر
اوج لاہوتی کو پہونچے یک نگہہ میں چھوٹ چھوٹ
خدمتِ مرشد میں رہ جوں برگ گل ہمراہ قند
فیضِ صحبت کب اٹھے او جبتک ملے ٹوٹ ٹوٹ

عالمِ بالا کو پہنچو گے کوئی دم میں نیاز
گر رکھا ایسا ہی دودِ آہ دل میں گھوٹ گھوٹ

آ غنیمت خانۂ دنیا میں کیا کی ٹوٹ ٹوٹ
تھے کئی دم جو رفیق اپنے گئے سب چھوٹ چھوٹ
قاضی و ملا و مفتی محتسب زاہد فقیہ
سب گئے دورہ میں تیرے میکدہ کو پھوٹ پھوٹ
چشم بد سے دور رہیو کیا ہی آب و تاب ہے
ہو گئی یہ آنکھیں بنائی موتیوں سے کوٹ کوٹ
دیکھ میرا خون اشک اُس نے کہا سب مجھکو دیکھ
تیری آنکھوں میں گئی میری حنا سب چھوٹ چھوٹ
کیا ہی نازک ہے میاں تیرا گلو نامِ خدا
ہے جھلکتا پان کا رنگ اس سے باہر پھوٹ پھوٹ
تیرے بکنے پر ہنسی آتی ہے مجکو ناصحا
اب تلک تھم تھم رہا ہوں منہ کو اپنی کوٹ کوٹ

اب تو عاشق ہو چکے ہونی جو ہو سو ہو نیاز
عشق طفلوں کی نہو بازی کہ جاوے ٹوٹ ٹوٹ

لایا تمہارے پاس ہوں یا پیر الغیاث
کر آہ کے قلم سے میں تحریر الغیاث

لاہوت سے اوتر کے ہوں ناسوت میں پڑا
کیا کچھ ہوئی مقام کی تغیّر الغیاث

حرص و ہوائے نفس ہے زنجیر پائے دل
پاتا نہیں نجات کی تدبیر الغیاث

سوز و گداز آہ و تپش نالۂ و فغاں!
سب کچھ ہوئے و لے نہیں تاثیر الغیاث

عاجز ہوں اور بیکس و ناچار و ناتواں
مضمون آہِ دل کی ہے تفسیر الغیاث!

ہم آپ کے کہاتے ہیں یا پیر دستگیر
سُن لو مریدا نپے کی یا پیر الغیاث !

مشکلکشائے خلق ہو تم شاہِ اولیا
ہے اسلئے تمہاری تقاگیر الغیاث !!

کرتے ہو مشکلاتِ جہاں ایک پلمیں حل
کیوں حق میں میرے اتنی ہے تاخیر الغیاث !

گر سنکے الغیاث نیاز آپ داد دیں
دنیا و دیں میں پاتی ہے توقیر الغیاث !

یا غوثِ اعظم آپ سوا کون ہے مرا
کسکے کنے میں جا کروں تقریر الغیاث !

دیکھو تو میں نیاز ہوں سر سے پاؤں تک
یا ہوں میں الغیاث کی تصویر الغیاث !

خاک کے پُتلے نے دیکھ کیا ہی مچایا ہی شور
جن و ملک کے اوپر کر رہا ہے اپنا زور

عشق کے میدان میں آ صورت انسان بنا
عاشق مولا ہوا چاند کا جیسے چکور !

سینہ میں قلزم کو لے قطرہ کا قطرہ رہا
بل بے سمائی تری اُف رے سمندر کے چور

جبُ وہ ہوا جلوہ گر تختِ خلافت اوپر
عالمِ ملکوت کے اُڑ گئے ہاتھوں کے مور

دلمیں ہم اپنے نیاز کہتے ہیں سو طرز ناز
سو جھے ہے یہ بھید اُسے جسکی نہو چشم کور

سمندِ ناز کی جب باگ اونے دی ٹک چھوڑ
وہیں ٹھٹھک رہے براق سُلمیٰ منہ موڑ

جو خط جوہری ممکن نہیں حکیم کہے
تو اُوس کی دیکھ کمر کیا کرے گا توڑ اور جوڑ

کب اوس کے تیر نگہ کا کسی سے ہو انداز
جہاں ہو نیچہ سو فار بہال کا سر توڑ

کہاں تھی رات کدھر تھی نظر نہ آئی رات
نقاب زلف دیا شب جو اُس نے منہ پر چھوڑ

نہیں کو تیری نہیں ہے نہ ہے کو تیری نہیں
زمانہ ٹوٹ پڑے پر نہ پلٹے تیری موڑ !

بھٹک رہا ہے تری کو دیکھا ند میں طفرہ
دل ایسی کونسی کل ہے جسے تو لے ہے مڑوڑ

نیاز شعر خیالی نہیں پسند عوام
غزل کہو تو کہو ٹک خیال بندی چھوڑ

ہمارے شیشۂ دل کو جو توڑتا ہے توڑ
پر اسکو پھینکیو ٹک اپنی رہ گذر کو چھوڑ

تو اپنے جور و جفا سے نہ درگذر پیارے
میں اپنی مہر و وفا سے نہ ہوں کبھی مُنہ موڑ

محبت اپنی نہ ٹوٹیگی آپ کے توڑے
ہزار گونہ اگر توڑیگا تو ہوں گا جوڑ !

یہ عشق ایسا چھلاوہ ہے جسکے چھل میں دیو
دیوانہ ہو کہے ہے کہ بلا کی مجھ پہ کہوڑ

ہر ایک رات شبِ قدر سے ہو روشن تر
گر اپنے موہنہ کو وہ مہرو بسمت شب لے موڑ

جمالِ یار کے قابل نہیں مری آنکھیں
اب اُنکو بند رکھوں میں ہمیشہ یاد دل پھوڑ

میں ایک بات بھی تیری نہ مانوں اے واعظ
کہا کر ایک سی لیکر کے تا بہ لاکھ کروڑ

چُوئے ہے حضرت شبیر کی یہاں رتی
جو سُرخ رنگ چاہے جا دلائے بوڑ

اگر حقیقت عرفان کا ہے شور مچا
نیاز فکرِ سخن کر رہ مجاز کو چھوڑ !

حُباب کی طرح اپنے تئیں بنا کے توڑ
طریقِ حق میں یہی توڑ ہے خدا سے جوڑ

بدن کے توڑے ہوا کے سوا نہ نکلیگا
خدا ہی نکلے جو دیکھے خودی کا بھانڈا پھوڑ

تعینات کے نقطوں سے ہے کثیر احد
وہی ہے ایک یہ دس سو ہزار لاکھ کروڑ

صنم کو پوجے برہمن حرم کو مانے شیخ
یہ دونوں ایک ہیں مالوں کے کیسے دول جھوڑ

سوائے ہستی حق کے جو کچھ نظر آوے
یقین جانو کہ دیو خیال کی ہے کھوڑ

ازل سے لیکے ابد تک وہی جو ہے سو ہے
برنگِ بحر رواں جسمیں ہے نہ توڑ نہ جوڑ

عبث ہے شعر و سُخن کی یہ توڑ جوڑ نیاز
پس اپنے ذکر کی اور فکر کی طرف مُنہ موڑ

جس یار کی ہو یاد میں گھر بار فراموش
ہوتا ہے کوئی دل سے وہ دلدار فراموش

جو مست ہیں تجھ درس کے اے ساقی سرشار
ہو کیوں نہ انہیں خانۂ خمار فراموش !

گر بادۂ توحید پئیں اہل مشارب
ہفتاد و دو ملت کی ہو تکرار فراموش !

پردہ کو ٹک ایک موہنہ سے اگر یار اُٹھاوے
ہوجائیں زخود مردمِ ہشیار فراموش

یہ چہرۂ زیبا جو برہمن کبھی دیکھے
ہو جائے اُسے بت کی پرستار فراموش

گر کبک دری چال یہ بانکی تری دیکھے
رہ جائے اچک اور کری رفتار فراموش

جب دل میں کھینچا نیاز کے تجھ حُسن کا نقشہ
ہو کیوں نہ اُسے صورتِ اغیار فراموش

غم کو ٹک کرتا ہے کم جریانِ اشک
طرفہ رکھتا ہے اثر در بانِ اشک !

سوزِ دل سے پُھک گیا سب رختِ تن
اب ہے دستِ آستین دامانِ اشک

آہ آتشبار کے شعلوں کو دیکھ !
گرتے گرتے تخت گاہ چشم سے
تھیں یہ آنکھیں معدنِ نورِ بصر !!

آہ پل پل سوکھتی ہے جانِ اشک
مل گئے ماٹی میں یہ خاقانِ اشک
آجکل کچھ ہو گئی ہیں کانِ اشک !

ہیں جواہر خانہ وہ آنکھیں نیاز !!
جس سے نکلے ہیں دُرِ غلطانِ اشک

کیا بلا ہے ان دنوں طوفانِ اشک
یا الٰہی زورقِ گردوں سنبھال
جُھک چکے تھے ہمتو اے یار وا بھی
جنکو آنکھوں میں سدا رکھتے تھے ہم
تھیں یہ آنکھیں منظرِ ایوانِ تن

رات دن ہے بارشِ بارانِ اشک !
بے طرح اُمڈا ہے یہ طوفانِ اشک !
گر نہ ہوتا اس گھڑی احسانِ اشک
رل گئے گلیوں میں وہ طفلانِ اشک
ہو گئیں اب مجرئی عمانِ اشک !

کچھ نہیں ہوتا ہے رونے سے نیاز
لغو ہے گر ہو کوئی نازانِ اشک

ہیں دیدۂ بینا میں ہم سارے کم و بسیار ایک
کثرت نمایاں اتنی ہو جتنا کرے تکرار ایک
عالم کہے جس کو جہاں یعنی جہانِ جسم و جاں !

شانیں ہیں سب اُس ذات کی جسکو کہے سنسار ایک
بے امتیازِ بیش و کم دانہ میں ہیں یہ سب بہم
بیخ و درخت و شاخ و گل انبوہ برگ و بار ایک
طوطی ہو جب دستان سرا سو سو طرح سے دے نو
ہر دم نئی بولے سدا اور ہے وہاں منقار ایک

عجز و نیاز اپنی طرف ناز و غرور اُسکی طرف
جب ہر طرف وہ آپ ہو پھر تو یہ ہیں ہر جار ایک

آتی ہے جبکہ نشۂ توحید کی ترنگ
آنکھوں میں اپنی جلوۂ نیرنگ چھا گیا
سینے میں میرے آہ دھواں سا اُٹھے ہے کچھ
سب کر چکی ہے اپنی حریم تعلقات !
دریائے دل سے اُٹھتی ہی موجِ الوہیت

دکھلائے ہے تجلی طوری ہر ایک سنگ
گہہ لعل و گہہ گہر کے ہیں رنگ اشک رنگ
لگتا ہے دلمیں جب نگہِ گرم کا خدنگ !
مہر بتاں کی باقی ہے کچھ کچھ مگر النگ !
رہتی ہے جی میں شورِ انا اللہ کی اُمنگ !

گردابِ دلمیں زورقِ گردوں جو غرق ہو
وسعت نہ ہووے اوسکی نیاز ایک ذرہ تنگ

کس پیار کی نگاہ کا دلمیں لگا خدنگ | مرگ و حیات اپنی ہوئی دونو ایک رنگ

کیا طرفہ اجتماعِ نقیضین ہے حکیم
آنکھوں کے وہ لڑانے میں رکھتا ہے صلح و جنگ

جور و جفا میں تیرے ہمیں لطف تازہ ہے
ہوتا ہو تنگ حوصلہ کوئی ملول و تنگ

چشم سیہ کی تیرے جو اُس پر پڑے نگاہ
ہندو ہو تیری آنکھ کو پوجے بُتِ فرنگ

داغِ جبیں پہ اپنے تو نازاں ہے زاہدا
شاید ہمارے دشت کا دیکھا نہیں پلنگ

ہیں تند خو سنگدل آے دل یہ نرم رو
نکلے ہے دل سے شمع کے دیکھو شرار رنگ

بیٹھا جو ہے تو عشق کے دریا میں آے نیاز
دیکھا نہیں ہے اُسکی بلا کا مگر نہنگ

دکھلا رہا ہے شاید نیرنگ اپنے رنگ
دیکھ اُسکی جلوہ گری نکو ہیں عقل و ہوش دنگ

آتا ہے کس ادا سے وہ کافرِ بُت فرنگ !
باہم کئے وہ آنکھ لڑانے میں صلح و جنگ

بالوں کی لٹ نے گھیری ہے چاہِ ذقن کے من
پیاسا ہو مرکی چوٹی سے لٹکا ہے یہ بھونگ !

بُلبل کو شکل گُل ہو چمن میں رولادیا !!
ہو شمع انجمن میں جلایا کہیں پتنگ !!

تیرِ نگاہ یار میں کیا زور توڑ ہے
ناوک ادہر خجل ہے اودہر دنگ ہے خدنگ

وہ پارسا ہیں دَور میں تیرے خراب و مست
مستی کے نام سے جنہیں آتا تھا عار و ننگ !

فرشِ زمیں ہے خاک نشینوں کا بسترا
بے خانمانِ عشق کا تکیہ ہے خشت و سنگ

خونِ جگر رواں ہے یہ مجرائِ چشم سے
کہتے ہو تم نیاز جسے اشک سُرخ رنگ

دشت پیمائی سے ہے اپنی بیاباں نازاں !
اپنے پاپوش سے ہے خارِ مغیلاں نازاں !

چاک ہاتھوں سے ہے جیب آنکھوںسے دامن پر اشک
جیب نازاں ہے یہاں اور وہاں داماں نازاں

فخرِ زنجیرِ جنوں ہے یہ مری پابندی !!
اور مری قید سے ہے خانۂ زنداں نازاں

پھنس گئے دام میں اُسکے جو دل و جان جہاں

کیوں نہ دلجمعی سے ہو زلفِ پریشاں نازاں !

تجھ سے تو بجھ نہ سکی آتشِ غم بھی اے ابر !

کون سے کام پہ ہے تو ارے ناداں نازاں

ٹک ذرا ہوتی ہے کم وحشتِ دل رونے سے

ہے سزاوار جو ہوں دیدۂ گریاں نازاں !

رشک میں ہیں مرے آنسو سے ترے دُرِ یتیم !

مت گہر ریزی پہ ہو بارشِ نیساں نازاں

ہے دل و جان مرے شاہ نجفؓ پر قرباں

اے نیاز اس لئے ہیں میرے دل و جاں نازاں

کیا ہی پھولی بہار آنکھوں میں ! — ہے جہان لالہ زار آنکھوں میں

پھول کترے ہیں کیا عجیب و غریب — کون ہے دستکار آنکھوں میں

شیر مادر تھا یا شراب کہن ! — جس کا ہے یہ خمار آنکھوں میں

کچھ اُڑی جاتی ہے نگاہ اپنی — کسنے پکڑا قرار آنکھوں میں

چھوڑ کر سینہ شاید آیا ہے — اب دلِ بے قرار آنکھوں میں

وحدت ایسی ہوئی ہے جلوہ نما — ایک ہے سو ہزار آنکھوں میں

ہم کو نقاش ہے نظر آتا — سب یہ نقش و نگار آنکھوں میں

جس کو سمجھے تھے قطرہ ہے وہ نیاز

قلزمِ بے کنار آنکھوں میں

کچھ نہیں کھلتا مجھے میں کون ہوں — صورتِ حیرت ہوں یا شکلِ جنوں

عشق ہے سرمایۂ دیوانگی — سحر کب پاتا ہے اُس کو اور فسوں !

آہ و نالہ نے مجھے رُسوا کیا ! — ورنہ پنہاں تھا مرا راز دروں !

گر نہ بہتے لختِ دل آنکھوں کی راہ — رنگ اشک ایسا نہ ہوتا رشکِ خوں

حُسن جاناں جلوہ گر ہر شے میں ہے — دید میں اپنے نہیں کوئی زبوں !

کون پا سکتا ہے مجھ گم گشتہ کو — دین ڈھونڈھے آ کے یا دنیائے دوں !

جس نے پہچانا ہے اپنے آپ کو

ہے نیاز اپنے قدم پر سرنگوں !

اگرچہ میں سیر بتاں دیکھتا ہوں — ولے جلوۂ حق عیاں دیکھتا ہوں

بنے جسطرح حق پرستی ہوں کرتا — مگر خود پرستی زیاں دیکھتا ہوں

جو ربُّ الحرم ہے صنم بھی وہی ہے — حرم دیر میں ایکساں دیکھتا ہوں

اُسے برہمن اور اوسے شیخ مانے — یہ آپس کا جھگڑا یہاں دیکھتا ہوں

ازل سے ابد تک جو کثرت ہے پیدا
سو وحدت کا دریا رواں دیکھتا ہوں

نیازؔ اب کہوں کس سے رازِ حقیقت
یہ عالم سراپا گماں دیکھتا ہوں

بھلا اک غزل اور بھی ایسی کہیو !
تجھے میں فصیح البیاں دیکھتا ہوں

نہ تن دیکھتا ہوں نہ جاں دیکھتا ہوں
تجھی کو عیاں اور نہاں دیکھتا ہوں

اگر کوئی جانے جہاں غیرِ حق ہے
سو میں اُسکو دھوکا گماں دیکھتا ہوں

یہ جو کچھ کہ پیدا ہے سب عینِ حق ہے
کہ اک بحرِ ہستی رواں دیکھتا ہوں !

کہاں غیر ہے اور کیسے غیر بولوں
سوی اللہ کدھر ہے کہاں دیکھتا ہوں !

جسے ذاتِ بیرنگ و بیچوں کہیں ہیں
بہر رنگ جلوہ کناں دیکھتا ہوں !

نیازؔ اب ہوا ناتوانی سے تو پیر
و لے عشق تیرا جواں دیکھتا ہوں

مُلکِ خدا میں یارو آباد ہیں تو ہم ہیں
تعمیرِ دو جہاں کی بنیاد ہیں تو ہم ہیں !

دیکھا پرکھ کر آخر نظر چڑھا یہ
گر نقد ہیں تو ہم ہیں نقاد ہیں تو ہم ہیں !

اپنا ہی دیکھتے ہو تم بندوبست یارو!
گر داد ہیں تو ہم ہیں فریاد ہیں تو ہم ہیں

پھیلا کے دامِ اُلفت گھرتے گھراتے تم ہیں !
گر صید ہیں تو ہم ہیں صیّاد ہیں تو ہم ہیں !

ٹھہرا ہے عشق بازی دن رات کھیل اپنا
گر قیس ہیں تو ہم ہیں فرہاد ہیں تو ہم ہیں !

شادی و غم یہ دونو اپنی ہی حالتیں ہیں
دلگیر ہیں تو ہم ہیں اور شاد ہیں تو ہم ہیں

کاری گری کی اپنے یہ سب مصوری ہے
تصویر ہیں تو ہم ہیں بہزاد ہیں تو ہم ہیں !

ہستی کے کاغذوں پر ہیں دستخط ہمارے
گر فرد ہیں تو ہم ہیں اور صاد ہیں تو ہم ہیں

جو کچھ کہ یہ گڑھت ہے سو ہے ہتوٹی اپنی
فولاد ہیں تو ہم ہیں حداد ہیں تو ہم ہیں !

روئے زمیں کے اوپر مانند گرد بادے

گر خاک ہیں تو ہم ہیں اور باد ہیں تو ہم ہیں!

تعلیم اور تعلّم سب ہے نیازؔ اپنا
شاگرد ہیں تو ہم ہیں اُستاد ہیں تو ہم ہیں

یہ تیری جلوہ گریاں آنکھوں میں چھا رہی ہیں — پیارے ادائیں تیری دل میں سما رہی ہیں
اُدھر تو زلفیں کھینچیں دل اپنی ہی طرف کو — اِدھر اشاروں سے آنکھیں بلا رہی ہیں
غمزہ کے لشکروں کو اپنا ہی طنطنہ ہے — سج دھج جو دیکھو اپنی نوبت بجا رہی ہیں
طرف چمن ہوا ہے شاید گذر تمہارا — جو آج عندلیبیں دھومیں مچا رہی ہیں
کھلجائیں تیری نرگس آنکھیں جو دیکھے اُسکو — جبتک نہیں ہے دیکھا باتیں بنا رہی ہیں
محراب سجدہ لیئے یا تیغ اُن ابروؤں کو — لاکھوں ہی سر جو آگے اپنے جھکا رہی ہیں
اعجاز کر رہی ہے ناز و ادائیں تیری — وہ قتل کر رہی ہیں اور یہ جلا رہی ہیں
بھاتا نہیں ہے کوئی تجھ بن نیازؔ کو اب — تیری ہی پیاری باتیں اُسکو تو بھا رہی ہیں

کیونکر نیازؔ مانے اوروں کی خوش کلامی
اُسکو تو پیاری باتیں پیارے کی بھا رہی ہیں

رواں آنکھوں سے ہے سیلاب گلگوں — الٰہی چشم ہے یا چشمۂ خوں!!
جو شیریں تجھکو دیکھے کوہکن ہو! — اگر لیلیٰ ہو یہاں ہوجائے مجنوں

یہ دل وہ نیّر خاکی ہے یارو! — بلا گرداں ہے جس پر مہر گردوں!
ترے آئینۂ رخ کی صفا دیکھ! — تحیّر میں ہے اشراقِ فلاطوں!

علیِ مرتضیٰ ختم الرسل کے
نیازؔ ایسے ہیں جوں موسیٰ کے ہاروں

کافر عشق ہوں میں بندۂ اسلام نہیں — بُت پرستی کے سوا اور مجھے کام نہیں!
عشق میں پوجتا ہوں قبلہ و کعبہ اپنا — ایک پل دل کو مرے اُسکے بن آرام نہیں
ڈھونڈھتا ہے تو کدھر یار کو مرے اے ماہ — منزلش در دل ماہست لب بام نہیں!
بوالہوس عشق کو تو خانۂ خالہ مت بوجھ — اسکا آغاز تو آساں ہے پہ انجام نہیں
پھانسنے کو دل عشاق کے اُلفت بس ہے — گھیر لینے کو یہ تسخیر کم از دام نہیں
کام ہو جائے تمام اُسکا پڑے جسپہ نگاہ — کشتۂ چشم کو پھر حاجت صمصام نہیں!
ابر ہے جام ہے مینا ہے مے گلگوں ہے — ہے سب اسباب طرب ساقی گلفام نہیں
ہائے رے ہائے چلی جاتی ہے یوں فصل بہار — کیا کروں بس نہیں اپنا وہ صنم رام نہیں!
جان جاتی ہے چلی دیکھ کے یہ موسم گل — ہجر و فرقت کا میری جان پہ ہنگام نہیں
دل کے لینے ہی تلک مہر کی تھی ہمپہ نگاہ — پھر جو دیکھا تو بجز غصہ و دشنام نہیں!

رات دن غم سے ترے ہجر کے لڑتا ہے نیازؔ

یہ دل آزاری کا مرے جان بھلا کام نہیں

عاشقِ زار ہوں میں طالبِ آرام نہیں
ننگ و ناموس سے کچھ اپنے تئیں کام نہیں

بے سروپائی سے عشاق کو خطرہ کیا ہے
اثرِ عشق ہے یہ گردشِ ایام نہیں!

نشۂ چشم سے ہوں ساقیِ توحید کے مست
احتیاج اپنے تئیں ظرفِ می و جام نہیں

بوالہوس پاؤں نہ رکھیو کبھی اس راہ کے بیچ
کوچۂ عشق ہے یہ رہ گذرِ عام نہیں

بے نہایت ہے کہ پایا نہیں جسکا پایان
جس جگہ پہونچے آغاز ہے انجام نہیں

عالمِ عشق کی دُنیا ہی نرالی دیکھی!
سحر و شام وہاں یہ سحر و شام نہیں!

زاہدا حال مرا دیکھ کے حیراں کیوں ہے
مشربِ کفر ہے یہ ملّتِ اسلام نہیں!

ساقیِ مست کے دیدار کا سرشار ہوں میں
اس نئے دل کو تمنائے می و جام نہیں

عار کیا ہے تجھے دنیا کی ملامت سے نیاز
عاشقو میں تو اکیلا ہی تو بدنام نہیں!

نیستی ہستی ہے یارو اور ہستی کچھ نہیں
بےخودی مستی ہے یارو اور مستی کچھ نہیں!
لامکاں کی منزلت پاتا ہے کب کون و مکاں
ہو کے ویرانے کے آگے ہے کی بستی کچھ نہیں!

کچھ نہیں سب کچھ ہے یارو اور سب کچھ کچھ نہیں
غیر اس کے معنی رمزِ ہستی کچھ نہیں
یہ جو کچھ ہونا جسے کہتے ہیں ہستی ہے میاں
فقر میں ہستی یہی ہے اور ہستی کچھ نہیں

بندگی اور حق پرستی کچھ نہ ہونا ہے نیاز
کچھ نہ ہونے کے سوا اور حق پرستی کچھ نہیں

مدرسہ میں عاشقوں کے جسکی بسم اللہ ہو
اوسکا پہلا ہی سبق یارو فنا فی اللہ ہو

یہ سبق طولانی ایسا ہے کہ آخر ہو نہ ہو
بے نہایت کچھ نہایت کیسی یارو آہ ہو

دوسرا پھر ہو سبق علم الفنا کا انتفا
یعنی اس اپنی فنا سے کچھ نہ وہ آگاہ ہو

دوڑ آگے تب چلے جب جوڑ ہو پیچھے مدد
اس دقیقے کو وہی پہونچے جو حق آگاہ ہو

تیسرا اُس کا سبق ہے پھر کے آنا اسطرف
اب بقا باللہ حاصل اوسکو خاطر خواہ ہو

ڈھائی اچھر پریم کے مشکل ہے جنکا ربط و ضبط
حافظ و ملّا یہاں پر کب دلیل راہ ہو

حضرتِ عشق آپ ہو ویں گر مدرس چند روز
پھر تو علمِ فقر کی تحصیل خاطر خواہ ہو

اے نیاز اپنے تو جو کچھ ہو تمہیں ہو بس فقط
حضرتِ عشق آپ ہو اور آپ دام اللہ ہو

اک توجہ آپ کی وافی و کافی ہے ہمیں!

کیا ہی قصہ ہو طولانی تو وہ کوتاہ ہو!

وہ یار ہے میرا ارے اور دیکھنے ہارو
دیکھا ہو گر تمنے خدا دیکھ لو یارو

اس نقشہ کی تصویر بنی ہے نہ بنیگی
کس ہاتھ کے ہو تم بنے او نقش و نگارو

ہے شاہدِ گل جلوہ نما تختِ چمن پر
اے بلبلو سب ملکے چلو جی کو نثارو

در ملکِ دلم شاہِ جنوں لائے ہیں تشریف
اے عقل و خرد اب چلو باہر کو سدہارو

ٹھانی ہے یہاں مجنوں نے آج یہ دلمیں
واعظ جو ملے اُس کے عمامہ کو اُتارو

ہم آگ میں جلنے سے بہت راضی ہیں ناصح
لوا نبی بہشتوں کو تمہیں سر ستی مارو

اے چشم و جگر ملکے بہم سینہ و دل ساتھ
دہر نادیو اُس یار کے دروازے پہ چارو

کس دل کی عمارت ہوئی ہے آج یہ مسمار
آتے ہو کہاں سے او تھے او گرد و غبار

کہتا ہے نیاز اور غزل ایسی ہی سُنیو!
کانوں کو ادھر رکھکے ذرا حُسن شعارو

ہم جُرم محبت کے گنہگار ہیں یارو
بگڑے ہیں کئے اپنے کو لو گردنیں مارو

مشکل ہے جو چُپ رہتے ہیں جی ہوتا ہے بیکل
وہ یار بُرا مانے ہے گر رُو رو پکارو

گر راحت و آرام گیا جانے دو اے دل
ثابت رہو تک عشق میں ہمت کو نہ ہارو

درخواست بھلائی کی فلک سے نہیں بہتر
دوں ہمتوں آگے نہ میاں ہاتھ پسارو

جاؤ جہاں ہے ساقی سرمستِ قدح نوشی
کیوں آئے ہو جھک جھک مری آنکھوں میں خمارو

سیر چمنِ حسن میں کیا لطف و مزا تھا
کیدہر سے نکل آئے تم اے ہجر کے خارو

جبتک نہیں وہ شوخ تمہیں دیکھے ہے خوبان
خورشید کے نکلے پہ کہاں ہو گے ستارو

پھولی نہ سماتی تھی کہیں انگ میں اپنے
آتی ہے خزاں رہیو خبر دار بہارو

اے شاہِ نجف ہوں میں نیاز آپکے گھر کا
بگڑے مرے سب کام تمہیں آن سنوارو

عشق میں تیرے کوہ غم سر پہ لیا جو ہو سو ہو
عیش و نشاطِ زندگی چھوڑ دیا جو ہو سو ہو

پوچھو نہ مجھ خراب سے یارو صلاح کار تم
اپنے تو اب نہیں رہے ہوش بجا جو ہو سو ہو!

مجھ سے مریض کو طبیب ہاتھ تو اپنا مت لگا!
اس کو خدا چھوڑ دے بہرِ خدا جو ہو سو ہو!

عقل کے مدرسہ سے اُٹھ عشق کے میکدہ میں آ
جامِ فنا و بے خودی اب تو پیا جو ہو سو ہو!

لاگ کی آگ لگتے ہی پنبہ نمط یہ جل گیا!
رختِ وجود جان و تن کچھ نہ بچا جو ہو سو ہو!

دیدہ و دل بہم ہیں ایک سوجھ میں اور بوجھ میں

آنکھوں کے سامنے عیاں دلمیں بسا جو ہو سو ہو
ہجر کی جو مصیبتیں عرض کیں اُس کے روبرو!
نازو ادا سے مُسکرا کہنے لگا جو ہو سو ہو
ہستی کے اس سراب میں رات کی رات بس رہے
صبحِ عدم ہوئی نمو پانوں اُوٹھا جو ہو سو ہو!

دنیا کے نیک و بد سے کام ہمکو نیاز کچھ نہیں
آپ سے جو گذر گیا پھر اُسے کیا جو ہو سو ہو۔

عشق ستاتا ہے کیوں آ مجھے ہر آن تو
میرے تو آرام کا لے گیا سامان تو
صبر و قرار و شکیب تاب و توانِ عقل و دیں
سب نے تو لی اپنی راہ رہگئی ایک جان تو
دیکھا نہیں ہے ہنوز چہرۂ دلدار کو!
کس کو تکے ہے بھلا دیدۂ حیران تو!
جلوہ فروشی نکر گل ہی سے پوچھ اے صنم
درد میں کسکے ہوا چاک گریبان تو!
غم نے تو ہمدم بگاڑ دی مری سب حیثیت ہے
مانوں تجھے میں اگر مجھے پہنچان تو
تو جو اگر سینہ صاف اس دُر دندان سے ہے
شرم سے کیوں غرق ہے اب دُرِ غلطان تو

پوچھے ہے ہر ایک سے کس کا ہے عاشق نیاز
تجھ کو نہیں ہے خبر ایسا ہے انجان تو!

افسانہ مرے درد کا اُس یار سے کہدو
فرقت کی مصیبت کو دل آزار سے کہدو
جھکتا نہیں یہ دل طرف قبلۂ عالم
محرابِ خم ابروے دلدار سے کہدو!

ایک تو ہی نہیں میں بھی ہوں اُن انکھوں کا مارا
اے اہل نظر نرگس بیمار سے کہدو
سسکے ہی پڑا خنجر مژگاں کا یہ گھائل
تیر نگہہ دیدۂ خونخوار سے کہدو
میں عشق کی ملّت ہوں اے شیخ و برہمن
جا عشق مرا سبحہ و زنار سے کہدو
کیا جوش میں ہے آب مے وحدت خم دلمیں
آبلے ہی پڑی رومی و عطّار سے کہدو
جوں مہر کے شمکہ کہے آئینہ انا الشمس
بولوں ہوں انا اللہ سر دار سے کہدو

مشکل جو نیاز آئے تمہیں فقر میں درپیش
جا شاہ نجف حیدرؓ کرار سے کہدو

چھوڑو مجھے بیخود میرا آرام یہی ہے
بے نام و نشان رہنے دو بس نام یہی ہے
بیکار و معطل ہی رہوں کار جہاں سے
فہمید میں اپنی تو بڑا کام یہی ہے
لے سر سے قدم تک ہوں جلا شمع کی مانند
شاید کہ میاں عشق کا انجام یہی ہے
کافر ہوں جو میں اپنے تئیں جانوں کہ میں ہوں
جو کچھ ہے سو تو ہے مرا اسلام یہی ہے
سوجھے نہیں دن رات تری دھیان میں پیارے
اپنی تو سحر ہے یہی اور شام یہی ہے

کہتے ہیں نیاز آپ کو اس شکل مری میں
یہ سچ ہے کہ تو پاک پہ یاں نام یہی ہے

غم خدائی کو ہم جانیں یا خدا جانے
بلاکشوں پہ جو گذری تری بلا جانے
مریضِ عشق کا درمان عبث کرے ہے تو
دوا ہماری ارسطو بھلا تو کیا جانے!
صبا اگرچہ شگفتہ کرے ہزاروں گل
اس ایک غنچۂ دل کو وہ کب کھلا جانے

آٹھہار ہی ہے جفا تیری اپنے در سے مجھے
پڑا ہو جسکو سروکار عشق سے آ کر!
کسی نے آنکھوں سے دیکھا ہے بن خبا کوئی

میں اوٹھہ تو جاؤں اگر وہ مری وفا جانے
وہ جیتے جی میاں اپنے تئیں موا جانے
کہ اپنا آپ پلک مارتے مٹا جانے

نیازِ منزل مقصود کو وہی پہونچے
جو کوئی شاہِ نجف رضؔ اپنا رہنما جانے

جب بر در دل حضرتِ عشق آن پکارے
بازی وہی لیجائیگا اس کھیل میں اے دل
گر حُسن میں ہمسر ہیں تمہاری مہ و خورشید
جو سلسلۂ زلف کے ہیں دست گرفتہ!
پل مارتے ڈوبے ہے ابھی زورقِ گردوں
گر رستم و سہراب ہیں ایسے ہی دلاور

گوشہ ہوئی عقل اور ہوئے اوسان کنارے
جو پہلے کٹا مہرۂ سر جان کو ہارے
دن رات یہ کیوں ہوتے ہیں قربان تمہارے
پھرتے ہیں سراسیمہ پریشان بچارے
طوفان ہیں یہ دیدۂ گریان ہمارے
ہو ویں تو بھلا عشق کے میدان میں اُتارے

کل دورۂ مجنون تھا نیاز آج ہے اپنا
نوبت کے بجے برسر دوران نقارے

میری آنکھوں میں اگر ایسی ہی تیری نت کو جلوہ گری رہی۔
تو ہمیشہ کو میں اپنے آپ سے یونہیں بے خبری رہی
ارے آہ تیرے نہال سے کبھی کچھ نہ برگ و ثمر ملا !!
نہ پھلے نہ پھولے کبھی یونہیں تو ہمیشہ بے ثمری رہی

جو یہ جوشش سیل سرشک کا کوئی روز ایسا بنا رہا
نہ بدن میں نام کو نم ملے نہ دکھائی دیگی تری رہی
ابھی ڈسکے ناگنی زلف کی مجھے ہائے کیسی اکڑ گئی
مری مرگ آنکھوں کے سر لگا دیکھو آپ کیسی بری رہی

چلی بادِ گرم فراق سے جلا سب وجود نیاز کا
مگر ایک شاخ نہال غم جسے دل کہیں سو ہری رہی

آتے ہی اُسکے سامنے ہم آپسے یوں چل بسے
عہد رفاقت بندھ گیا تھا لیکہ اب نبھا نہیں
عقل و خرد ایمان و دین صبر و شکیب آرام دل
ای ہمنشیوں تم کہو کیا لطف ہے اس زیست کا

سورج کا چہرہ دیکھتے جیسے کہ شبنم چل بسے
پیچھے رہا جاتا ہی غم اور ہم تو اس دم چل بسے
جو کچھ کہ تھے وہ زندگی کے رُکن اعظم چل بسے
جب ہم اکیلے رہ گئے اور اپنے محرم چل بسے

چلئے نیاز اب اُس جگہ کا بھی تماشہ دیکھئے
اپنے ہزاروں ہیں جہاں ہیں یار و ہمدم چل بسے

جب چھوڑ کر تنہا مجھے وہ یار و ہمدم چل بسے
اپنا مدار زندگی اب رہ گیا ہے غم ترا
ٹک مخلصی بلبل کو دے صیاد جاتی ہے بہار
دنیا سرا ایسی نہیں اگر جہان رہجائیے

عقل و قرار و ہوش دل سب باہم ملکے چل بسے
پھر تو وہ پوری موت ہے یارب اگر غم چل بسے
پھر چھوڑنا کیا لطف ہے جب گل کا موسم چل بسے
بس شب کی شب آئے رہے اور پھر گجر دم چل بسے

اب تو چلو ملکِ بقا کی سیر دیکھو اے نیاز

دیکھو تو کیا کیا ہے وہاں عالم کے عالم چل بسے

دہیان اپنی کو نے خاک نہ افلاک سے باندھے
عرفان اگر چاہے دل پاک سے باندھے

گر جلوہ گہہ یار نہ ہو آئینۂ دل!
پھر اُسکا تصورٗ کوئی کس تاک سے باندھے

ہے کاسۂ سر اپنا مُلبب تری بو سے
اب دستۂ گُل لیکے کوئی تاک سے باندھے

فخر اپنے تشبک کا فلک چاہے سو کرلے
پر شرط نہ غربال دلِ چاک سے باندھے

ہر چند نظر باز ہے یہ نرگس شہلا!
پر تاک نہ اس دیدۂ بیباک سے باندھے

صحرائے شکار او سکے میں بیٹھا ہوں بامید
شاید مجھے کر صید وہ فتراک سے باندھے

لختِ جگر دل سے جو بینڈا انہیں بند ہتا
پھر آنسوؤں کی ندی کوئی خاک سے باندھے

تکنے کی فقط تاک کا ہوں یارو گنہگار
کوئی باندہے مجھے تو شجرِ تاک سے باندھے

جوڑے کو جو وہ نازنین باندہے تو ہے لازم
تار نگہ چشم ہوسناک سے باندھے

ماٹی سے ہماری وہ بنا کر کے بگولے
چکر ہی میں رکھتا ہے سدا چاک سے باندھے

اس چرخ سے کیا رکھے بھلا چشم نکوئی
جو بیر پس از مرگ بھی ہے خاک سے باندھے

بہتر ہے نیاز آپ کہ تو رشتۂ اخلاص!
ہر ایک سے توڑے شہ لولاک سے باندھے

مجھے بیخودی یہ تونے بھلی چاشنی چکھائی
کسی آرزو کی دلمیں نہیں اب رہی سمائی

نہ حذر ہے نے خطر ہے نہ رجا ہے نے دُعا ہے
نہ خیالِ بندگی ہے نہ تمنّئے خدائی

نہ مقام گفتگو ہے نہ محلّ جستجو ہے
نہ وہاں حواس پہنچیں نہ خرد کو ہے رسائی

نہ ملکیں ہے نے مکاں ہے نہ زمیں ہے نے زماں ہے
دل بینوا نے میرے جہاں چھاونی ہے چھائی

نہ وصال ہے نہ ہجران نہ سرور ہے نہ غم ہے
جسے کہیے خوابِ غفلت سو وہ نیند ہمکو آئی

من و تو اُٹھی جہاں ہوں ہوسیں وہاں کہاں ہوں
جو دوئی کے تھے لوازم سو رہائی ان سے پائی

یہاں میں رہا ہوں جب تو سخن نیاز بولوں
سنو گے زبان نے سے وہی جو کہیگا نائی!

ستارے نہیں یہ شبِ تار کے
شرارے ہیں آہِ شرربار کے

مبارک رہے تجھ کو واعظ بہشت!
میاں ہم تو طالب ہیں دیدار کے

جو دیکھے تجھے بلبل آئے رشکِ گل
نہ پھٹکے کبھی گرد گلزار کے!

صفائی ترے سلکِ دنداں کی دیکھ
ہوئے غرقِ دریا گہربار کے

عجب کیا جو تشریف لاؤ ادہر
عیادت کو آتے ہیں بیمار کے!

کہاں فصل گل ہے کہاں وہ بہار
چلو مل کے رو دیں گلے خار کے

غزل اور ایسی ہی کہیو نیاز!!
کہ مشتاق ہیں تیرے اشعار کے

گھُٹا ہاتھ سے چشم خونخوار کے!
لیا زلف نے دام میں مار کے

یہ جنبش جو ابرو میں ہے یار کے
سو جھڑتے ہیں وہ ہاتھ تلوار کے

یہ دن رات ہیں یا کہ ہندو و ترک
کہ ہم دوش ہیں زلف و رخسار کے

کھلی آنکھ پیتے ہی وحدت کا جام
ہوئے مست و سرشار دیدار کے

خموشی کا عالم ہے اپنا مُقام
جو آزاد ہیں کفر و اسلام سے!

نہیں آشنا بحث و تکرار کے
نہ قیدی ہیں سبحہ زنار کے

یہ دل بے بہا جنس ہے اے نیاز!
بہا مت اُسے بن خریدار کے

جو ہیں آشنا سرّ اسرار کے
اندھیرا اُجالا نہاں اور عیاں!
بہار و خزاں ہم پہ ہے ایکساں
اِدھر کی نہیں جانتے رسم و راہ!
بِنا توڑ ہستی کی لے گنج وصل
کہاں سے کہاں لیکے پہونچا یہ دل

وہ ہیں یار ہر یار و اغیار کے
یہ جلوے ہیں سب جلوۂ یار کے
کبھی یارِ گل ہیں کبھی خار کے
میاں ہم تو باشندے ہیں پار کے
بڑا گنج ہے زیر دیوار کے
ملائک جہاں سے رہے ہار کے

نہیں قیس و فرہاد سا میں نیاز
کہ ہوں گرد صحرا و کہسار کے!

موںہہ اپنا جو تو نے دکھایا مجھے!
بسا میری آنکھوں میں تو اس قدر
کہاں تک کہوں لُطف و احسان عشق
یہاں تک دیا مجھکو حُسنِ عرُوج
میں قربان ہوں تیری نظروں کے یار

وہیں پھر جو ڈھونڈھا پنایا مجھے
کہ تجھ بن نظر کچھ نہ آیا مجھے!
کہ جوں جوں گھٹا میں بڑھایا مجھے
کہ بندے سے مولا بنایا مجھے!
ملاتے ہی آنکھیں گمایا مجھے!

کہاں میں کدھر بے خودی کا مقام
نیاز اب یہی ہے دُعا و طلب

وہاں سے یہاں تو ہی لایا مجھے
رکھ اپنا ہی بندہ خدایا مجھے

یہ جو ہے کون و مکان یارو یہ ہے سب لاشے
گرچہ بے نام و نشاں کا ہے یہ سب نام و نشاں
نہ تصور میں حق آوے نہ بیاں کر سکے عقل
سوجھتا ہے وہی جو کچھ کہ تخیل بندھ جائے
ما عرفناک کہیں ہیں صاحب لولاکؐ جہاں

جسکو کہتے ہیں جہاں یارو یہ ہے سب لاشے
پر یہ نام اور نشاں یارو یہ ہے سب لاشے
چہ تصور چہ بیاں یارو یہ ہے سب لاشے
حق جسے کہئے وہاں یارو یہ ہے سب لاشے
بس وہاں وہم و گماں یارو یہ ہے سب لاشے

نہ تو کچھ بولو نہ دیکھو نہ سُنو مثل نیاز
دیدۂ گوش و زباں یارو یہ ہے سب لاشے

روٹھا ہوا وہ پیارا اگر اپنے سے من جاوے
یہ سوز دروں مجھکو کچھ پھوکے ہی ڈالے ہے
رونا مجھے آتا ہے اس طفل سرشک اُوپر
میں جاں بلب آیا ہوں اس ہجر کے ہاتھوں سے

بگڑا ہوا کھیل اپنا اک آن میں بن جاوے
آ جانی گلے لگ جا تو جی کی جلن جاوے
یوں آنکھوں میں پل پل کے جا خاک میں سن جاوے
یا آ ملے وہ دلبر یا جی کی لگن جاوے

عاشق ہو نیاز اُوس پر گل پھاڑ گریباں کو
گر سیر کو گلشن کی وہ غنچہ دہن جاوے

کہتے ہیں جسکو عشق ہمارا ہی نام ہے
گر پھونک دوں جہان کو تو کچھ عجب نہیں

شور و فغاں کی اپنے یہاں دھوم دھام ہے
میں آگ کا بھبوکا ہوں میرا یہ کام ہے

ہوش و خرد سے ہمکو سروکار کچھ نہیں
منزل ہماری پاتے ہیں کب شیخ و برہمن
دیر و حرم میں اور کلیسا کنشت میں

ان دونوں صاحبوں کو ہمارا اسلام ہے
اسلام و کفر سے پرے اپنا مقام ہے
بھرتا ہمارے نام کا دم ہر کدام ہے

ہر اک نیاز اپنے سے ہمراز ہے کہ وہ
شاہِ نجف امیرِ عرب کا غلام ہے

میں وہ کوئی ہوں جسکا خدائی میں نام ہے
عالم میں میری جلوہ نمائی کا ہر طرف
خلقت کے کان پُر ہیں اسی ذکر سے ہوئے
جس دلمیں دیکھئے تو ہماری ہی چاہ ہے
ہر سر کے بیچ اپنا ہی سودا ہے بھر رہا
دیکھا ہے جس نے حُسن ہمارا بچشمِ دل
حاضر ہے بندگی میں ہماری تمام خلق

کہتے ہیں جس کو حُسن سو مجھ پر تمام ہے
غوغا ہے غل ہے شور ہے اور دھوم دھام ہے
ہر ہر زبان پر یہی بات ہے اور کلام ہے
جو آنکھ ہے سو تک رہی ہم کو مُدام ہے
اپنی تڑپ میں ریشہ و رگ ہر کُدام ہے
خوبانِ اس جہان سے کب اُسکو کام ہے
از عرش تا بفرش سب اپنا غلام ہے

رکھتا ہے ہم سے ہر کوئی راز و نیاز شیخ
پر ایک نیاز اپنا مدار المہام ہے

بہارِ چند روزہ سے دل اپنا شاد کیوں کیجے
لگا کر دیدہ و دانستہ اپنے پانوں پر تیشہ
لبِ شیریں کی باتوں پر جو کیجے تلخ کام اپنا

ہوائے حُسن پر دل کو عبث برباد کیوں کیجے
بجوہِ عشق اپنا قتل جیوں فرہاد کیوں کیجے
گئے اوقات راحت کے تئیں پھر یاد کیوں کیجے

نہ دیجے خال و خط کے دام و دانہ پر میاں دلکو
نہ ہو گر مرغِ دل کے آب و دانہ کی خبر لینی
جو مانگوں ہو نہیں آزادی کہے ہنسکے یوں ظالم

اگر دیجے تو پیچھے نالہ و فریاد کیوں کیجے
تو اپنے دام میں اُسکے تئیں صیاد کیوں کیجے
جسے لیجے غلامی میں اُسے آزاد کیوں کیجے

نیاز اب چُپ رہو کوتہ کرو افسانۂ غم کو
جہاں سے اُوٹھ گئی ہے داد بس فریاد کیوں کیجے

سرزمینِ چشت کی آب و ہوا کچھ اور ہے
پھر رہے ہیں ہر گلی کوچہ میں از خود رفتگاں
کوئی سبحانی کہے کوئی انا الحق بلبلائے
کوئی شغلِ نیستی میں نیست اور نابود ہے
ہے حضورِ حق تعالیٰ اُنکی گاہے بود و باش
خندہ و گریہ بہم ہمدم ہیں اُن یاروں کے بیچ
جبکہ دُکھ سکھ ہوا نہیں اور بیقراری ہو قرار
کیا ہی تیزی اور تندی رکھتی ہے اُنکی نگاہ
وہ جو اک عرصہ میں ہوتا ہے میسّر اور جا
یہ تو سب سچ ہے مگر اُنمیں سے گنتا آپکو

دین و دنیا سے نرالا اور ہی کچھ طور ہے
عشق کی واں سلطنت ہے بیخودی کا دور ہے
بل بے تیرا بلبلانا یہ مقام غور ہے
کوئی نظارہ میں حق کے اک تماشا طور ہے
دیکھنے میں خلق کے گو دہلی و لاہور ہے
جو کوئی روتا ہے پھر ہنستا وہیں فی الفور ہے
پھر تو مہر و لُطف سے خوشتر جفا و جور ہے
جا پڑے جسپر نظر رہتا وہیں وہ ٹھور ہے
یا وری سے عشق کی حاصل یہاں فی الفور ہے
ہرزہ گوئی ہے نیاز اور لاف ناخوشطور ہے

وہ تو الماسِ نگیں ہیں یا کہ ہیں دُرِ ثمین
کانچ کی تو پوت ہے یا ریزۂ بلّور ہے

Restored by: Zulfikar Ali Niyazi, Mobile: +91 9903992110

من موہن جب چھب دکھلائی سرسوں پھولی انکھونمیں — پریم کی زردی مکھ پر چھائی سرسوں پھولی انکھونمیں
نیاز کہانی سنو رے بھائی ہوش گئے بیہوشی آئی — خودی گئی تب ملی خدائی سرسوں پھولی انکھونمیں

الیضاً

شیام سندر کی جب سُدھ آئی سرسوں پھولی انکھوں — کچھ کا کچھ ہی دیت دکھائی سرسوں پھولی انکھونمیں
ہر ہر بند سمند پہچانوں ہر ذرہ خورشید — واہ گروجی خوب سجھائی سرسوں پھولی انکھونمیں
بندہ کو مولیٰ بھانوں قیدی کو بیقید — ان کہنی موسوں کہلائی سرسوں پھولی انکھونمیں
اونچ نیچ میں فرق نہ جانوں دوئی ہوئی ناپید — وحدت من پر ایسی چھائی سرسوں پھولی انکھونمیں
نیاز آپکو آپ نجانوں کجا عمر وکت زید — نگل گئی پربت کو رائی سرسوں پھولی انکھونمیں

الیضاً منه

مدہ سبحانی جوش میں آئی دیکھو جی اب ابلے ہے — سمند بند میں ڈبکی کھائی دیکھو جی اب اچھلے ہے
نگل گئی پربت کو رائی دیکھو جی اب اُگلے ہے — نیاز کے پردے میں ہے خدائی دیکھو جی آ نکلے ہے

منه

صُمٌّ بُکمٌ عُمیٌ ہو کے حق سے دھیان لگاؤ جی — بیرنگی کی سُرت جما کے اپنا آپ گماؤ جی
پاک منزہ پورے ہو کے سُبحانی گن گاؤ جی — نیاز گیا جب اللہ لوگو کون رہا فرماؤ جی

منه

سُن دھن مرلی من موہن کی سُد بُد سب بسرائی — سکھی سہیلی سنگ کی کھیلی ناہیں پرت پہچانی
ہر مورت میں نیاز کو جانو ایسی مت بورانی — پیت کی ریت کہا موت ہے سانچ کہو گر گیانی

منه

جوگنیا کا بھیس بنا کے پی کو ڈھونڈ نجاؤں — نگری نگری دوارے پی پی بسد سناؤں !
درسن بھکاری جگ میں ہوکے درشن بھچا پاؤں — تن من جوبن اوپر واروں تب میں نیاز کہاؤں

ہوری

ہوری ہوئے رہی ہے احمدؐ جیو کے دوار — حضرت علیؑ کو رنگ بنو ہے حسنؑ حسینؑ کھلار
ایسی ہوری کی دھوم مچی ہے جھنو اور پڑی پکار — ایسوا نوکھو چتر کھلاڑی رنگ دنیو سنسار
نیاز پیارا بھر بھر چھڑکے ایک ہی رنگ سہس پچکار

الیضاً

سُن ہوری سجنی رت پھاگن کی آئی بہار — ہوری کھیلے دھوم مچائے ناچے دیدے تار
نیاز پیارا چتر کہاوے اچپل کھیل کھلار — مکھ مینڈین اور بھگوا مانگین تب ہم چتر انار

الیضاً

من موہن پیارو مونہ برہن تج دنیوری — پہلے تو بانکی آن دکھا کے من میرو ہر لینوری
اب میں کو براگ دیوے آپ رہت رنگ بھینوری — نیاز کو ہمری سنگت ہے سو تن بیرن چھینوری

الیضاً

سکھی جارہے ڈارے برہا اگن سب گات — بید جو ناری دیکھن لاگو پھالگ پر گیو ہات
ہون برہن کو پیا تج دنیو سوت کا پکڑ دہات — نیاز پیا بن کیونکر گجری کیسے کٹے دن رات

الیضاً

اُمگو جو نوا کیسے کر راکھوں سنبھار
انبوا موے مٹیو پھولے برن برن کی بہار
آیا پھاگن سب ہوری کھیلیں ترنی بار پیا
ہم میت گو نوا کینو دینہو موہے بسار

برہ اگن موہے جاری ہے ڈارے چھین بل سو بار
نیاز پیا بن جی نکست ہے ایسی لگن بہت یار

منہ

اچرج دیکھ مور پیر وا سدا رہت مورے گھر ماہیں
ہون اگیانی گہر نا ہیں کہو جت بھٹکت جا ہیں تا ئیں
ست گرو کی کرپا کینو پیا پائے ڈاری گرباہین
گھر باہر آپ وہی ہے نیاز ہون ناہین

منہ

من لاگو اب کیسی چھوٹی لگ گئی پیم کی ڈوری
نین دُرآئین نا تھہرت رہیں جاڈت پیری اور
برہا اگن سلگت ہے تن من جل بل بھسم بھئی ری
نیاز تہاری ہے بلیاں بیگ کھبر لیو موری

منہ

مین تو بوری بھئے سن ری سکھی آن برہا کینو جور
تاری موے انگارے لاگیں دہواد ہار بہی بہور
دکھوں میں ٹہار دشت لگا چشت کے چندا کی اور
گنج شکر کے نند چند پر بھوے نیاز چکور

منہ

کا ہو کلا کل ناہیں پرت ہے بیاکل رہت سریر
نا جانو نکا ہوت ہے من میں میٹھی میٹھی پیر
سگری رین موہے تربیت بیتی نینن دھر کت نیر
پیر نظام نیاز آ ہی کی آن بندھاؤ دھیر

ایضاً

نیا لگا دو پار خواجہ موری نیا لگا دو پار
بنا کھویا بہی بہی ہوں آن پڑی منجدہار
نا کوئی اپنا باہنہ گہیا نا کوئی کہیون ہار
بوڑی جات ہے نیاز کی نیا تم ہوتے جگتار

ایضاً

نظام الدین گریب نواز باہنہ گہی کی تمہیں کو لاج
زری زر بخش محبوب الٰہی سرس امیر مہابیر تاج
گنج شکر کی پیارے دولارے سوہت تمپر ہند کو راج
سب مورے منکی کان سنوارو تن من جو نکر تہوں نیاج

کبت

رنگ راچو بسنت نئی رت حضرت نبی رسول کی
ہری ہری رنگ حسن کی لال لال کلیاں حسن کی لالی
دینو انعام اُمت کے شفاعت لینی نیاز قبول کی

ہوری

ہوری کھیلیں شام سے میں چلی برج کی نگریا
ہاتھ میں تہال عبیر گلال کو سر پر رنگ کی گگریا
جو پیا ہم سے جو ز چہرکے میں بوروں واکی پگریا
نیاز کچھ نا جانت بوجت کو بتائے دیو ڈگریا

منہ

سکھی جائے کہو من موہن کو جیا ترستے ہے توہی درسنکو
موہے کا ہو کلا کل ناہیں پرت ہے کیو بیاکل تن من برہنکو
دو کھ روپ جوبن سب کھوی دیو جیون رہو تین منکو
جب نیاز بران سکت نہ رہی بہر کا کرہوں ان باڈھنکو

منہ

ہلسات جیا پیا دیکھیں کو نہ سہات کچھ موہنہ برہنکو
دو نین بہے جہر کی جہر نا لون مانوں راین ساونکو

Restored by: Zulfikar Ali Niyazi, Mobile: +91 9903992110

پیا پیا تیرت پری ہون رہی پیا او کہت ہی یا بید نکو   توری بُلبل جاؤں نیاز پیا دو کہہ دوارے کر دو من مورکی منکو

منہ

پیا پچھرت ہم کچھو نہ کہی ای من کی بات من ہی میں رہی رے   بیا کل پہرت ہوبرہ کی ماری کو نکون ہیت سہی رے
جائے کہو کوئی نیاز مولا سے مت پچھاڑو موری بہیا ال گہی رے   اپنے عاشق کو پار اوتار ما بجھردہار مور نیا بہی رے

ایضاً

ہوری ہوئی اے نند یا کی ماتی !   چھون اور سہاگ کی دہوم مچی ہے گھر گھر رنگ رچو چوری
ادسر پٹی یاد کرگی کت سہاگن کت ہوری   نیاز کہا ہو کل بجھتا ئے آج کرد سو کروری

ایضاً

کیسو رچوری رنگ ہوری اجمیر خواجہ رے   زنار کی پاک چیز یا ہیم کی رنگ جھکوری
رانا راؤ اور شیخ مشائخ رمل چانجز جوری   جامن ہیں محبوب الہیٰ گوپن مان کشوری
پارسیا کی نرمل مورت جوتی روپ نوری   ایسے رنگیلے بنے ہیں لاگی نیاز کی منگی روری

ایضاً

پیا مو سے تم کیسی کینی من ہر کی پھر کہبر نہ لینی   تم بن دن ہو ماس برابر رین بھئے کو بر سینی
نیاز تہارے کاج گنوائی گہر کی لاج کٹم تج دینی   کوئی کہے مو کو دکہیاری کوئی کہے ہے منکی ہینی

ایضاً

ایسی ہوری کون رچوری جاکی دہوم مچی چہوا اورن ری   کرت پچکاری زنسر بٹکی ہیم رسکے رنگ پہر دری
ترنی تاری سکھیان ساری دنیا ہو ئی کیو سنر بوری   وار سیا سے لاگ رہی ہے نیاز کی چت اور بہت کی ڈوری

نیازیہ اکیڈمی

نیازیہ اکیڈمی کے قیام کا مقصد حضور قبلہ شاہ نیاز بریلوی کے دینی علوم، مسلک تصوف، ان کے پیغام محبت اور ان کی تصانیف کی اشاعت نیز ان کے اور ان کے خانوادے کے دیگر علماء وصوفیاء کے دینی روحانی، علمی اور ادبی کارناموں کو عام کرنا ہے۔

شاہ شبو میاں نیازی

خانقاہ نیازیہ خواجہ قطب بریلی شریف